Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۴۶	بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ جمادی الاول ۱۳۴۹ھ مطابق ۶ اکتوبر ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	صفحۂ متعلق
۱	احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	۱تا۴
۲	احکام منسٹر صاحبان بہادر	۵
۳	احکام میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر	۶تا۸
۴	نقشہ جات	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بنظر مناسب ۔

حکم ہوا کہ

مطبع (پریس) بجائے صاحب ڈیوٹی منسٹر بہادر کے صاحب ہوم منسٹر بہادر کے سپرد ہو۔ صاحب چیف منسٹر بہادر صدر سے احکام ضابطہ جاری کرین ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنا بر حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۳ ستمبر ۱۹۳۰ء حضوری

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ء

مسٹر کیو ناگی تجویز کے بموجب بجٹ ۳۱-۱۹۳۰ء صیغہ باغات مین رقوم کا اندراج ہو گیا ہے۔ اسکیم ابھی منظوری آنی جلد آنا چاہیے۔ تاکہ باغات کے عملہ کے متعلق احکام جاری ہون ۔

ملاحظہ .... کی رقم بجٹ ۳۱-۱۹۳۰ء صیغہ باغات کے لئے رکھی گئی ہے۔ اور اسیقدر رقم

سالانا تین سال تک رکھی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنا بر تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۳۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ تجویز صاحب چیف منسٹر بہادر بابت سید مشتاق حسین کا تقرر عہدہ ایگزیکیٹو افسر صیغہ میونسپلٹی بنا بر تین سو پچاس روپیہ ماہانہ تنخواہ و پچیس روپیہ ماہانہ الاؤنس سواری کل تین سو پچھتر روپیہ ماہوار منظور ہے۔

۲۔ صاحبزادہ سید قدرت علیخان بہادر میونسپل افسر کو اڈیشنل مجسٹریٹ مقرر کیا جاتا ہے تنخواہ انکو جو اب مل رہی ہے وہی ملیگی۔ اور اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول انکو عطا کئے جاتے ہیں۔ ۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء کو سید مشتاق حسین جب صیغہ میونسپلٹی کا چارج لے لیں تو صاحبزادہ سید قدرت علیخان بہادر اوسی تاریخ سے اڈیشنل مجسٹریٹی کا کام شروع کردیں۔ چیف مجسٹریٹ حسب قاعدہ اڈیشنل مجسٹریٹ کے یہان مقدمات بھیجا کرینگے اور چیف مجسٹریٹ کے اڈیشنل مجسٹریٹ ماتحت رہینگے [illegible]۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنا بر تعمیل و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

شہر اور مضافات میں اسوقت واردات زیادہ ہورہی ہیں۔ محلہ گنج قدیم ۳۰ر ستمبر کو ایک قتل ہوا ایک آدمی سخت زخمی ہے۔ یہ پولیس کے غفلت اور تساہل کا اثر ہے کہ بدچلن لوگوں کو موقع واردات اور وقوع جرائم کا مل رہا ہے۔ پولیس کو فوراً انسدادی کارروائی کرنا چاہئے مشتبہ لوگوں کی خاص طور سے نگرانی رکھی جائے اور جرائم پیشہ اشخاص کے ساتھ کارروائی ضابطہ کیجائے لیکن یہ جبھی ممکن ہے کہ پولیس اپنی سہل کاری سے باز آئے اور بہ دیانت اپنے فرائض کو انجام دے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر سپرنٹنڈنٹ پولیس اور انسپکٹران کو کافی طور سے فہمایش کردیں کہ وہ مستعد ہوکر اپنے ماتحت افسران پولیس حلقہ جات کے ذریعہ سے حلقہ وار انتظام کریں کہ جرائم کا وقوع نہ ہو اور ہر حلقے کے بدچلن لوگوں کو جو درج رجسٹر ہیں نظر میں رکھیں جب اسکا کافی انتظام ہوجائیگا تو جرائم بھی ظہور پذیر نہ ہونگے۔ آئندہ اگر کثرت جرائم کی خبر بدولت واقبال کے حضور میں پیش ہوئی تو پولیس کی نسبت احکام صادر ہونگے اسکے ساتھ ہی اگر اخفائے واردات کیگئی تو سخت مواخذہ کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنا بر تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء (مسودی)

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بدولت واقبال کے گوش گذار ہوئی کہ موضع [illegible] پرگنہ حضور تحصیل میں چند اشخاص فقیر کو اراضی معافی دیگئی تھی اور انکے ذمہ مسجد کی خدمت اور عرس مقرر تھا اب مسجد کی خدمت نہیں ہوتی اور [illegible] اراضی سے انتفاع حاصل کرتا ہے اسیطرح موضع [illegible] پرگنہ حضور تحصیل میں [illegible] اراضی [illegible] فقیر کو عطا ہوئی تھی جسپر اب کوئی فقیر قابض اور متصرف نہیں ہے غیر متعلق اشخاص اس آراضی سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ایسی حالت میں ہر دو آراضیات قابل ضبطی معلوم ہوتی ہیں تاہم اس خبر کی تحقیقات ضابطہ ہونیکی ضرورت ہے صیغہ مال سے بعد تحقیقات مفصل جلد رپورٹ آنا چاہئے تاکہ نتیجہ تحقیقات پر حکم مناسب صادر کیا جائے حکم ہوا کہ روبکار ہذا بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء (مسودی)

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات ملاحظہ ہوئے جنکا تعلق مراسلت انتظامی عدالتہائے ماتحت دیوانی و فوجداری انتشائے صدر رجسٹری وغیرہ درخواست ہائے ملازمان عدالت ہائے مذکور بذریعہ حاکم عدالت متعلقہ مع رائے صاحب چیف جسٹس صدور حکم کے لئے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے اجلاس میں پیش ہوا کرے تاکہ انتظامی معاملات عدالت ہائے کا صاحب چیف جسٹس کو علم رہے۔ احکام انتظامی معاملات کے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے بیان سے ہی نافذ ہوا کرین گے البتہ عدالت ہائے ماتحت و اجلاس جوڈیشل منسٹر بہادر کے درمیان مین صرف مراسلت کے لئے صاحب چیف جسٹس کا توسط ہوگا اور صاحب چیف جسٹس اسی مراسلت میں صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے ماتحت رہیں گے نیز تمام عدالت ہائے دیوانی و فوجداری مع ہائیکورٹ کے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے ماتحت رہیں گے اور جو احکامات انتظامی وہ صادر کرین گے انکی پابندی اونپر لازمی ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تعمیل و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات متعلق مقدمات سشن ملاحظہ ہوئے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے بربنائے حکم ما بدولت و اقبال صاحب چیف جسٹس کو متوجہ کیا تھا کہ وہ سشن سے کچھ مقدمات اپنی عدالت میں منتقل کرکے فیصل کردین صاحب چیف جسٹس کو اس کارروائی مین عذرات پیدا ہوئے۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے مع اپنی رائے کے کاغذات صدور حکم کے لئے بھیجے ہین اس معاملہ کی بابتہ حسب ذیل امور قابل توجہ ہین۔

۱۔ جبکہ کسی معاملہ مین کوئی منسٹر حکم یا ہدایت صادر کرین تو وہ ما بدولت و اقبال کا حکم سمجھا جائے۔ اور اسپر عملدرآمد کرنا فرض ہے اگر اس مین کچھ شکوک پیدا بھی ہون تو بجائے اس کے کہ تحریری عذرات حکم کی تعمیل مین کئے جائین حاکم ماتحت کو یہ چاہئے کہ زبانی معاملہ منسٹر متعلقہ کے سامنے پیش کرکے معاملہ کو سمجھ لے۔

۲۔ معاملہ مصرحہ بالا مین جو حکم صادر ہوا تھا وہ ما بدولت و اقبال کے ماتحت صادر ہوا تھا۔ اس مین کوئی عذر کرنا مناسب نہ تھا۔

۳۔ جسوقت کہ نظام ہائیکورٹ مرتب ہوا تھا وہ بمشورہ و موجودگی کل جیجان مرتب ہوا تھا اور جو منشاء مختلف دفعات کا ہے اس میں کوئی کسی قسم کا شک و شبہ اگر تھا تو اسوقت کیوں نہیں ظاہر کرکے صاف کرلیا گیا۔

۴۔ دفعہ (۹) نظام ہائیکورٹ بالکل صاف و صریح ہے کہ جسکی روسے عدالت ہائیکورٹ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ (کسی عدالت سے مثل مقدمہ طلب کرے اور اس مقدمہ کی سماعت و اس کا فیصلہ خود کرے۔) ما بدولت و اقبال کے نزدیک عدالت ہائیکورٹ کو پورا اختیار حاصل ہے کہ وہ بشرط ضرورت عدالت ہائے ماتحت سے ہر نوعیت کے مقدمات اپنے یہاں منتقل کرکے طے کرسکتی ہے۔

لہذا بوجوہ مصرحہ بالا عدالت ہائیکورٹ کو صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی ہدایت کے موافق عملدرآمد کرنا چاہئے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تعمیل مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل مطبع کو درج گزٹ کے لئے بھیجی جائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع یکم اکتوبر ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مثل عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ تخفیف سید احمد حسین بیشکار موٹر گراج مشاہرہ دار عہ مع الاونس از یکم اکتوبر ۱۹۳۰ء بوجہ تفویض موٹر گراج بہ متعلق پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم

بموجب رپورٹ سید احمد حسین موٹر گراج کی تخفیف ملازمت سے منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون (منظوری)

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بتعمیل حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء (مسوری)

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ سید وصال محمد پبلک پراسیکیوٹر کی تنخواہ باندراج برآورد ہائی کورٹ دی جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہون۔ (مسوری)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بذریعہ عرض — جناب عالی — میر ساند

منشی وصال محمد صاحب پبلک پراسیکیوٹر کی تنخواہ بجٹ ہائی کورٹ میں قائم کی گئی ہے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اجرائے احکام چاہتے ہیں کہ پبلک پراسیکیوٹر کی تنخواہ دوسو پچاس روپیہ ماہوار باندراج برآورد بجٹ ہائی کورٹ سے ملا کرے کاغذ ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے ترقی تنخواہ مستدعی ہے کہ حکم اجرائے احکام شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرضے

ترقی تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء (مسوری)

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بتعمیل حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو

۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مزید ایکماہ کی رخصت بسلسلہ سابقہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہون۔ (مسوری)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بذریعہ عرض — میر ساند

جناب عالی

سید ہاشم علیخان صاحب کی رخصت پندرہ یوم پیشگاہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سے منظور فرمائی گئی تھی۔ اونکی تحریر سے معلوم ہوا کہ وہ خود بھی علیل ہین اور والدہ وخالہ بھی مرض مین مبتلا ہین۔ ڈیڑھ ماہ کی رخصت چاہی تھی جسمین سے پندرہ یوم کی منظور فرمائی گئی ہے مزید رخصت کے خواستگار ہین جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور مین پیش ہین۔ زیادہ حد ادب آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

عرضے

ترقی تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۳۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کاغذ ہتین مرسلہو۔ براہ مہربانی سید ہاشم علیخان صاحب کو اطلاع فرما دیجائے کہ رخصت بوضع تنخواہ منظور ہوئی ہے۔ اونہین پہلی رخصت کی اطلاع شاید نہین ملی ہے۔ ۳۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سید ہاشم علی صاحب کو علیحدہ اطلاع دیدی گئی۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسلہون۔ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء (مسوری)

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منظوری استعفاء

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری استعفاء از کام ممبری میونسپلٹی جنرل کمیٹی سے صاحبزادہ سید قاسم علیخان صاحب بہادر کا بوجہ ترددات و تفکرات کے۔

حکم

جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ کی ممبری سے استعفاء صاحبزادہ سید قاسم علیخان صاحب بہادر منظور ہے۔ کاغذات خدمت میں صاحب ہوم منسٹر بہادر کی مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

کاغذات بغرض اجراء احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔ ۲۴ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

منظوری استعفاء

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری استعفاء منشی امتیاز علیخاں صاحب از کام ممبری میونسپلٹی جنرل کمیٹی بوجہ انجام دہی کام تحصیلداری شاہ آباد۔

حکم

جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ کی ممبری سے استعفاء امتیاز علیخاں صاحب کا منظور ہے۔ کاغذات خدمت میں جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کے مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

کاغذات بغرض اجراء احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔ ۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

مثل تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی حیدر حسن خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل بوجہ علالت اختلاج قلب از تاریخ استفادہ بربناء رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مصدقہ حاکم صاحب صدر۔

حکم

منشی حیدر حسن خان نائب تحصیلدار کی رخصت ایک ماہ بوجہ علالت منظور ہے

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

مثل تحریر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منسوخی رخصت علالتی ۱۵ یوم منشی روپ نارائن ہل کلرک منظور شدہ بحکم ۱۶ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء بوجہ عدم استفادہ۔

حکم

حسب تحریر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات منشی روپ نارائن کی رخصت منسوخ کیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

واقع ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر مصدقہ حاکم صاحب صدر دربارہ انتظام بجائے عبدالمجید خان اہلمد عام صدر متوفی۔

حکم

رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر مصدقہ حاکم صاحب صدر کا ملاحظہ ہوا۔ بوجہ انتقال عبدالمجید خان اہلمد عام صدر یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء سے متوفی کا نام برآوردہ سے خارج کیا جائے اور جس تغیر و تبدل و اضافہ تنخواہ کے ساتھ بسلسلہ فوتی عبدالمجید خان سررشتہ دار صاحب و حاکم صاحب صدر نے رپورٹ بھیجی ہے اسکی منظوری دیجاتی ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور اس تجویز کا عمل یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء سے کیا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

(تفصیل انتظام)

(۱) مرزا لطیف حسن بیگ اہلمد کارخانجات مشاہرہ دار ... ماہوار باضافہ ایکروپیہ بجائے عبدالمجید خان بہ تنخواہ ... ۔

(۲) بجائے مرزا لطیف حسن بیگ عباس علیخان اہلمد نزول دات صدر تنخواہ یاب ... ماہوار باضافہ ایکروپیہ بہ تنخواہ ... ۔

(۳) بجائے عباس علیخان اہلمد عثمان خان معاون منصرم ملازمان صدر تنخواہ دار ... ماہوار باضافہ ... بہ تنخواہ ... ۔

(۴) بجائے عثمان خان معاون منصرم ملازمان مرزا منظور حسن معاون تخفیف شدہ صدر بمشاہرہ ... ماہوار

بریگیڈ آرڈرز اجلاس صاحب میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

برخاستگی

۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ میجر کمانڈنگ افسر صاحب پلیس گارڈ معروضہ ۱۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ سپاہی محمد علیخان ولد عبد الوحید خان کمپنی نمبر ۶ ایک عرصہ سے بیمار تھا۔ اور بروے ڈاکٹری ناقابل خدمت پایا گیا تھا۔ تاریخ ۱۰ر ستمبر سنہ ۳۰ء کو موقوف ہو گیا لہذا تاریخ نوٹی سے ملازمت سے موقوف کیا گیا۔ بغرض عملدرآمد آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ کیواسطے مرسل ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب سفارش میجر کمانڈنگ افسر صاحب رامپور لانسرز معروضہ ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء لفٹنٹ اسکواڈرن افسر حامد علیخان صاحب رامپور لانسرز کو رخصت پندرہ یوم من ابتدائے ۲۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایت ۲۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء بضرورت شادی خود برائے بمقام ... دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

برخاستگی

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ میجر کمانڈنگ افسر صاحب رامپور لانسرز معروضہ ۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ لیس نائیک نظیر احمد خان ترپ نے سوار اسمعیل خان ترپ کو لین کے اندر مارا جو کہ اس کا قصور ہے۔ اور حسب حکم ہیان مجریہ ۲۱ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء کا یہ منشاء ہے کہ اگر کوئی اپنے ماتحت کو ماریگا تو ملازمت سے موقوف کر دیا جائے۔ خواہ وہ کسی درجہ کا ہو۔ لہذا لیس نائیک نظیر احمد خان ترپ کو بقصور مذکورہ ۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے ملازمت سے موقوف کیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

تبادل

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ مع جدا کوارٹر ماسٹر معتمد قہ میجر کمانڈنگ افسر صاحب بیگوالانسرز معروضہ ۲۳ر ستمبر سنہ ۳۰ء واضح ہوا کہ نمبر ۳ دفعدار سوار خورشید عالم خان ولد بہادر شاہ خان کا نام ۱۹ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے ملازمت سے علیحدہ کیا گیا۔ لہذا حسب سفارش میجر صاحب متعلقہ سوار محمد شفیق خان ولد عبد الرزاق خان ترپ کو جنٹ ہیڈ کوارٹرمین اور سوار نمبر ۱۵۲۶ حبیب خان جنٹ ہیڈ کوارٹر ترپ میں تبدیل کیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور اسکی ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

ضبطی تنخواہ

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ ترپ افسر معتمد قہ میجر کمانڈنگ افسر صاحب بیگوالانسرز معروضہ ۲۴ر ستمبر سنہ ۳۰ء واضح ہوا کہ سوار محمد یوسف خان ولد ابراہیم خان ترپ ۹ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے غیر حاضر ہو کر ۲۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء کو حاضر لین ہوا۔ اس صورت میں یہ دس یوم لین سے غیر حاضر رہا جو اس کا قصور ہے۔ لہذا بقصور مذکور نامبردہ کی دس یوم کی تنخواہ ضبط ہو۔ آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب رپورٹ میجر کمانڈنگ افسر صاحب رامپور لانسرز معروضہ ۲۱ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء و ۱۲۶۹ سوار سلطان حسین خان ولد تفضل حسین خان ترپ کو بیک رخصت دس یوم ۲۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء ۲۹ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء تک حسب تجویز لفٹنٹ کرنل چیف میڈیکل افسر صاحب دی گئی۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

مسدودی الاونس

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ ترپ افسر معتمد قہ میجر کمانڈنگ افسر صاحب رامپور لانسرز معروضہ ۲۰ر ستمبر سنہ ۳۰ء واضح ہوا کہ نمبر ۱۱۱ اسسٹنٹ سوار نعلبند حیدن خان اول ولد کالیخان ترپ ۲ نے اسپ ۱۳۵۹ دیا آمدہ اصطبل سرکاری نعلبندی لاپرواہی سے کی جسکی وجہ سے سم تیڑھا ہو گیا جسکو ہم نے خود ملاحظہ کیا۔ لہذا بقصور مذکور نامبردہ کا ایک ماہ کیواسطے جو یہ الاونس پاتا ہے بند ہو۔ بغرض عملدرآمد آرڈر ہذا جاری۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

ضبطی تنخواہ

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ ترپ افسر معتمد قہ میجر کمانڈنگ افسر صاحب رامپور لانسرز معروضہ ۲۱ر ستمبر سنہ ۳۰ء واضح ہوا کہ سوار نمبر ۱۵۴۰ بہورا خان ولد اشرف علیخان ترپ نمبر ۱ ۱۱ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے غیر حاضر رہکر ۱۸ر اگست سنہ ۳۰ء کو حاضر لین ہوا۔ اس صورت میں یہ سات یوم غیر حاضر رہا۔ اور پھر دوبارہ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے تیئیس یوم اپنی خوشی لین سے غیر حاضر رہکر ۲۰ر ستمبر سنہ ۳۰ء کو حاضر لین ہوا۔ چونکہ یہ ہر دو بار ۳۰ یوم غیر حاضر رہا جو کہ اس کا قصور ہے۔ لہذا بقصور مذکور نامبردہ کی ۳۰ یوم کی تنخواہ ضبط ہو۔ اور ۲۵ یوم کا کچی ہوس رہے۔ بغرض عملدرآمد آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

ضبطی تنخواہ

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بملاحظہ رپورٹ میجر کمانڈر کمپنی مصدقہ لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ نمبر ۱۷۰۲ سپاہی میانجان خان ولد محمد عثمان خان کمپنی نمبر ۱ بلا اطلاع لین سے ۱۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے غیر حاضر ہو کر ۲۱ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء کو بوقت شب گنتی پر حاضر آیا۔ اس صورت میں یہ آٹھ یوم بارہ گھنٹہ غیر حاضر رہا جو کہ اس کا قصور ہے۔ لہذا القصور مذکور نامبردہ کی نو یوم کی تنخواہ ضبط ہو اور پندرہ یوم لین قید رکھ کر کنگ کری حسب ضابطہ عملدرآمد ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

رخصت رول

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء نمبر ۱۸۲۹ سپاہی شفیق احمد خان ولد جہیلا خان ٹریننگ کمپنی کو رخصت رول پندرہ یوم من ابتدائے ۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایت ۹ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

ضبطی تنخواہ

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بملاحظہ رپورٹ کپتان کمپنی مصدقہ لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ نمبر ۱۸۰۹ سپاہی ارشاد علی ولد سید نبی میاں ٹریننگ کمپنی ۸ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء کو بلا اطلاع لین سے غیر حاضر ہو کر ۱۷ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء کو حاضر لین ہوا۔ اس صورت میں یہ نو یوم غیر حاضر رہا جو کہ اس کا قصور ہے لہذا بقصور مذکور نامبردہ کی تنخواہ نو یوم ضبط ہو۔ اور ایک ہفتہ لین قید رہے۔ آرڈر ہذا جاری اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

عطائے الاؤنس

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء حوالدار نمبر ۲۱۶ محمد شاہ خان ولد علی گوہر خان ٹریننگ کمپنی کو تین روپیہ ماہوار الاؤنس بکار حوالدار میجری دیا جانا منظور ہے۔ بغرض عملدرآمد آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

ضبطی تنخواہ

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بملاحظہ رپورٹ انچارج کمپنی کمانڈر مصدقہ لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ نمبر ۔ سپاہی تبین خان ولد شرف الدین خان ہیڈ کوارٹر کمپنی ۲۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء کو ہاسپٹل سے غیر حاضر ہو کر ۲۹ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء کو حاضر رجمنٹ ہوا۔ چونکہ یہ بحالت سکمانی ۲۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء تک پانچ یوم غیر حاضر رہا۔ لہذا غیر حاضری مندرجہ کی تنخواہ ضبط ہو۔ آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

تبدیلی

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء سہ کس اسمائے مندرجہ ذیل ملازمان کو جیسا کہ ہر ایک کی برابر تحریر ہے بوجہ سہولت کام ٹریننگ کمپنی سے ہیڈ کوارٹر کمپنی میں تبدیل کیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

عہدہ	نام	ولدیت
سپاہی	احمد علیخان	محب علیخان
"	سید صغیر علی میاں	سید نظیر حسین
"	ہادی علیخان	علی مردان خان

رخصت رول

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء چارکس ملازمان شاگرد پیشہ رجمنٹ ہیڈ کوارٹر کو رخصت رول پندرہ یوم من ابتداء ۲۸ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایت ۱۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری اور درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

سقہ عبدالحمید۔ سقہ لطیف۔ سقہ عزیز احمد خاکروب۔ مستا

عطائے الاؤنس

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب بہادر سکنڈ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء نمبر ۹۹۹ سپاہی حبیب احمد خان ولد محمد جان خان کمپنی نمبر ۱ معاون میاں نویس کو دو روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

ضبطی تنخواہ

۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

بملاحظہ رپورٹ فار کمپنی کمانڈر مصدقہ لفٹنٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب بہادر سکنڈ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ سپاہی نمبر ۴۲۸ شیخ شوکت علی ولد شیخ کرامت علی کمپنی نمبر ۲ ۲ ستمبر ۱۹۳۰ء سے غیر حاضر ہو کے ۲۰ ستمبر ۱۹۳۰ء کو حاضر لین ہوا چونکہ یہ اٹھارہ یوم بارہ گھنٹہ اپنی خوشی غیر حاضر رہا۔ جو کہ اس کا قصور ہے۔ لہذا العقوبہ غیر حاضری نامبردہ کی ۱۹ یوم کی تنخواہ ضبط ہو۔ بغرض عملدرآمد آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

برخاستگی

۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

بملاحظہ رپورٹ صوبہ دار مصدقہ میجر کمانڈنگ افسر صاحب پبلک گارڈ معروضہ ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ سپاہی نمبر ۱۱۶ اصغر علیخان ولد دادی یار خان کمپنی نمبر ۴ کا بحالت سیکانی ۲۲ ستمبر ۱۹۳۰ء کی شب میں انتقال ہو گیا۔ لہذا تاریخ فوتی ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء سے ملازمت سے نامبردہ موقوف کیا گیا۔ آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

اخراج اسم

۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

بملاحظہ رپورٹ جمعدار کمپنی مصدقہ لفٹنٹ کمانڈنگ افسر صاحب توپ خانہ معروضہ ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ سپاہی نمبر ۲۲۹ یعقوب علیخان ولد کلن خان کمپنی نمبر ۲ ۷ ستمبر ۱۹۳۰ء سے بلا اطلاع لین سے غیر حاضر ہے جسکو میعاد مقررہ پندرہ یوم گذر گئی لہذا القصور مذکور نامبردہ کا نام ۷ ستمبر ۱۹۳۰ء سے ملازمت سے خارج کیا جانا منظور ہے۔ حسب ضابطہ عملدرآمد ہو۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

گڈ کانڈکٹ

واقع ۲۳ ماہ ستمبر ۱۹۳۰ء

بنظر استحقاق بوجہ گذر جانے میعاد مقررہ سپاہی عبدالولی خان ولد محمد نبی خان کمپنی نمبر ۱ توپخانہ کو گڈ کانڈکٹ درجہ سوم یکم ستمبر ۱۹۳۰ء سے دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو ایک نقل اس کی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۲۵ ستمبر ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹنٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء سپاہی چودھری سنگھ فرسٹ رامپور انفنٹری کمپنی نمبر ۴ کو رخصت سات یوم بوجہ میت زوجہ من ابتدائے ۴ر ستمبر ۱۹۳۰ء لغایت ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو اور نقل اسکی اندراج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

رخصت رول

۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

حسب سفارش لفٹنٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب بہادر سکنڈ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۰ء جمعدار کوارٹر ماسٹر محمد علیخان صاحب سکنڈ رامپور انفنٹری کو رخصت رول پندرہ یوم من ابتدائے ۱۶ر اکتوبر ۱۹۳۰ء لغایت ۳۰ر اکتوبر ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اس کی اندراج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۷ ستمبر لغایتہ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۰ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون
۷ ستمبر ۱۹۳۰ء یوم شنبہ	۰	۲۷۹ ½	۰	۲۷۶ ½	۰	۲۸۵	۰	۱۷۱	۰	۲۴۰	۰	۳۱۷
۸ // // یوم یکشنبہ	۰	۲۷۹ ½	۰	۲۷۶ ½	۰	۲۸۵	۰	۱۷۱	۰	۲۴۰	۰	۳۱۷
۹ // // یوم دوشنبہ	۰	۲۷۹ ½	۰	۲۷۶ ½	۰	۲۸۵	۰	۱۷۱		۲۴۰	۰	۳۱۷
۱۰ // // یوم سہ شنبہ	۰	۲۷۹ ½	۰	۲۷۶ ½	۰	۲۸۵	۰	۱۷۱	۰	۲۴۰	۱۶	۱۳۳
۱۱ // // یوم چہارشنبہ	۰	۲۷۹ ½	۱۱	۲۸۷ ½	۰	۲۸۵	۰	۱۷۱	۰	۲۴۰	۰	۱۳۳
۱۲ // // یوم پنجشنبہ	۰	۲۷۹ ½	نقشہ نہیں آیا	۰	۳	۲۸۸	۰	۱۷۱	۰	۲۴۰	۰	۱۳۳
۱۳ // // یوم جمعہ	۰	۲۷۹ ½	//	-	۱۲	۳۰۲	۱	۱۷۲	-	۲۴۰	۱۱	۳۴۴

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۱ ستمبر لغایتہ ۲۷ ستمبر ۱۹۳۰ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون	بارش آج	از یکم جون
۲۱ ستمبر ۱۹۳۰ء یوم یکشنبہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	-	۳۱۱	۰	۲۶۲	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵
۲۲ // // یوم دوشنبہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	۰	۳۱۱	۰	۲۶۲	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵
۲۳ // // یوم سہ شنبہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	۰	۳۱۱	۰	۲۶۲	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵
۲۴ // // یوم چہارشنبہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	۰	۳۱۱	۰	۲۶۲	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵
۲۵ // // یوم پنجشنبہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	۰	۳۱۱	۰	۲۶۲	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵
۲۶ // // یوم جمعہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	۰	۳۱۱	نقشہ نہیں	-	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵
۲۷ // // یوم شنبہ	۰	۲۸۶ ½	۰	۳۰۵ ½	۰	۳۱۱	//	۰	۰	۲۴۲	۰	۳۴۵

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ سویم ماہ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۱۱ /	۱۰ /		۱۰ ۱۲ /		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹ / ۹ ۱۰ /	۱۱ /	۱۰ /		۱۱ /		
نخود وغیرہ آمیز	۱۰ / ۱۱ ۱۰ /	۱۰ /	۱۰ ۱۲ /		۱۲ /		
کسہ	۱۲ / ۱۳ ۱۰ /	۱۰ ۱۲ /	۱۰ ۱۲ /		۰		
ماش	۵ ۱۰ / ۷ ۱۰ /	۷ / ۸ /	۵ /		۵ /		
مونگ	۴ ۱۰ / ۵ /	۵ /	۰		۰		
مکا	۱۷ ، ۱۸ / ۱۹ /	۰	۱۸ /		۰		
جئی	۱۹ / ۱۹ ۱۰ /	۰	۲۰ /		۲۰ /		
کودھی	۸ / ۵ /	۱۴ /	۱۴ /		۱۴ /		
عدس	۹ ۱۰ / ۱۰ /	۸ /	۰		۸ /		
ارہر	۸ ۱۰ / ۱۱ /	۱۰ /	۰		۰		
برنج	۵ / ۵ / ۵ /	۶ /	۵ /		۵ /		
روغن زرد	۲ چھٹانک	۱ چھٹانک	۲ چھٹانک		۲ چھٹانک		
روغن سیاہ	۱ ۱۰ /	۱ /	۱ /		۱ /		
روغن کنجد	۱ /	۱۰ /	۰		۱ /		
نمک ساہبر	۱۰ /	۱۱ /	۱۱ ۱۰ /		۱۱ /		
نمک لاہوری	۱۹ /	۹ /	۸ /		۰		
قند سیاہ	۱۸ / ۱۴ / ۱۸ /	۱۴ / ۱۴ ۱۰ /	۵ /		۳ /		
زیرہ	۱۸ / ۱۸ ۱۰ /	۰	۰		۰		

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور نو ماہی من ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت جون سنہ ۱۹۳۰ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل فوتی: یک سال سے پانچ سال تک: مرد	عورات	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورات	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورات	میزان: مرد	عورات	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	طاعون	بخار	اسہال	زخم وغیرہ	دیگر امراض	میزان	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۵۷	۴۷	۱۱۹	۲۵	۳۴۴	۲۷۳	۷۱	۱۱۳	۶۷	۱۵	۲۵	۱۹۲	۱۳۶	۳۹۳	۲۳۸	۲۱۹	۱۱۱	۴	۳۹	۰	۲۸۶	۰	۰	۰	۵۳	
گنج	۱۲۵	۴۱	۸۹	۱۹	۳۱۴	۲۵۴	۹۰	۹۷	۴۱	۷	۳	۱۰۶	۱۰۷	۱۴۹	۱۵۷	۲۴۰	۳۹	۱	۳۲	۳۴	۰	۰	۰	۰	۳۲۰	
حوالی شہر	۱۳۲	۱۴۲	۱۰۲	۱۱۲	۴۶۲	۲۴۴	۲۵۸	۱۰۹	۸۳	۸۳	۱۴	۱۲۸	۱۱۹	۲۷۹	۲۱۷	۲۴۲	۲۲۹	۰	۴۳	۲۶۲	۰	۰	۰	۰	۴۴۵	
عظیم نگر	۱۲۹	۱۲۵	۱۱۶	۸۶	۵۱۷	۲۸۵	۲۳۲	۷۳	۶۵	۱۳	۱۰	۲۰۲	۱۳۸	۲۹۱	۲۱۳	۲۱۳	۱۹۱	۲۱	۲۰	۰	۲۶۰	۳	۰	۰	۵۰۴	
شاہ آباد	۱۱۹	۳۲۰	۷۹	۳۸۶	۸۲۵	۱۹۸	۶۲۶	۱۸۲	۱۸۰	۳۲	۲۱	۱۹۰	۱۳۸	۸۰۲	۳۰۹	۳۱۶	۵۲۲	۱۶	۱۰۳	۰	۵۲۵	۰	۱۰	۰	۸۶۵	
ٹنواں	۵۵	۳۰۶	۴۹	۱۶۰	۴۰۴	۱۰۸	۲۶۷	۱۲۵	۹۸	۲۱	۱۰	۱۲۷	۱۰۲	۲۶۳	۲۱۱	۱۰۸	۲۶۷	۰	۹۱	۲۹۱	۰	۰	۲	۰	۴۸۴	
ملک	۲۲	۳۶۵	۵۷	۳۱۱	۸۰۵	۱۳۰	۲۰۹	۱۳۱	۱۱۱	۱۶	۲۴	۱۸۳	۱۲۶	۳۳۱	۲۹۱	۹۱	۵۰۹	۱	۰	۰	۵۸۰	۲	۰	۰	۵۹۲	
بلاسپور	۵۵	۷۱	۵۷	۴۹	۲۱۱	۱۳۱	۱۱۰	۲۵	۴۲	۱۵	۹	۲۳۰	۱۹۰	۲۹۳	۲۳۲	۲۷	۲۵۲	۵	۵	۰	۵۹۶	۸	۰	۰	۵۱۴	
کیمری	۷۲	۱۳۵	۳۸	۱۱۳	۲۴۹	۱۱۳	۲۴۵	۹۲	۴۴	۲۵	۱۲	۱۲۹	۹۱	۲۳۳	۱۴۹	۲۰۰	۲۷۲	۵	۴۹	۳۰۰	۳	۲	۰	۰	۳۸۲	
سوار	۱۲۷	۱۱۱	۹۸	۶۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲۷	۳۵	۲	۳۰	۱۳۱	۱۴	۳۳۳	۱۶۷	۲۰۳	[illegible]	[illegible]	۴۰	[illegible]	۲۹۲	۵	۰	۰	۲۰۰	
ٹانڈہ	۱۲۳	۱۶۲	۱۲۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۰۲	۸۸	۳۰	[illegible]	۱۸۵	۱۸۹	۲۴۰	۲۰۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۵۸۱	۷	۰	۰	۴۹۳	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۵۱۲	۲۹	[illegible]	۰	[illegible]	